سیو فار کالج (Save for College) پروگرام
والدین اور سرپرستوں کے لیے اوپٹ آوٹ نوٹس اور فارم

OFFICE NOTE: FOR KINDERGARTENERS AND NEWLY ENROLLED FIRST AND SECOND GRADERS [11/1/2023]

عزیزی والدین / سرپرست:

نیویارک شہر محکمئہ تعلیم ("DOE") نے غیر منفعی نیویارک شہر کڈز رائز (NYC Kids RISE) انک، کے ساتھ این وائی سی کِڈز رائز کالج کے لیے بچت کرنے کا پروگرام (''پروگرام'') کے لیے شراکت کی ہے۔ یہ مفت پروگرام اہل طلبا کو اہل کالج اور طرزِ معاش کی تربیت کی لاگت کے لیے سرمایہ فراہم کرتا ہے۔ این وائی سی کڈز رائز پروگرام کے ہر طالب علم کے لیے ایک "وظیفہ اکاونٹ" میں $100 متخص کرتا ہے۔ دستیاب سرمائے پر موقوف، نیویارک شہر اور محکمئہ تعلیم اس سال پروگرام کو توسیع دے رہے ہیں اور آپکے بچے کا اسکول شامل ہوگا۔ مزید معلومات کے لیے http://nyckidsrise.org پر جائیں۔

اس نوٹس میں اہم معلومات شامل ہیں کہ کس طرح آپ خودکار طور پر اپنے بچے کی پروگرام کے وظیفے اکاونٹ میں شمولیت کو قبول کریں، یا اوپٹ آوٹ ہونے کے لیے قدم اٹھائیں۔ خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری ایکٹ (FERPA) کہلائے جانے والا ایک وفاق قانون محکمئہ تعلیم کو والدین یا سرپرست کی اجازت کے بغیر طالبِ علم کی ذاتی طور پر قابلِ شناخت معلومات کا اشتراک کرنے سے روکتا ہے۔ تاہم، جب تک کہ آپ ہمیں منع نہ کریں، محکمئہ تعلیم آپ اور آپکے بچے کے بارے میں چند معلومات کا اشتراک کرسکتے ہیں۔ ان تفصیلات کو "ڈائرکٹری معلومات" کہا جاتا ہے۔ **اس پروگرام میں شرکت کرنے کے لیے، این وائی سی کڈز رائز، نیویارک شہر محکمئہ تعلیم اور ایک کمپنی بنام وزٹاشئر (VistaShare) دونوں کو آپکے بچے کی ڈائریکٹری معلومات درکار ہیں۔ ڈائریکٹری معلومات میں شامل ہیں:**

- پروگرام کے لیے یگانہ طالب علم کا شناختی نمبر
- مکمل نام
- تاریخِ پیدائش
- گھر کا پتہ
- کیا گھر کا پتہ تبدیل ہوا ہے
- گھر کا فون نمبر
- اسکول کا نام
- موجودہ گریڈ کی سطح
- گھر پر بولی جانے والے زبان (زبانیں)
- دیگر اسکولوں میں کیے جانے والے تبادلے، اگر کوئی ہوں، نیویارک شہر پبلک اسکول نظام کے اندر اور باہر دونوں

انہیں ہر طالب علم کے لیے دو والدین / سرپرست تک کی بالغانہ معلومات درکار ہیں:

- پروگرام کے لیے یگانہ والدین کے شناختی نمبرز
- مکمل نام
- ای میل پتہ
- سیل اور / یا دیگر فون نمبر

این وائی سی کڈز رائز حصہ لینے والوں کی معلومات کو محفوظ کرنے، ایک آن لائن پورٹل منظم کرنے، اور تکنیکی معاونت فراہم کرنے کے لیے وزٹآشئر کے ساتھ کام کرتا ہے۔ این وائی سی کڈز رائز اور وزٹاشیئر کو صرف پروگرام کو چلانے اور تشخیص کرنے کے لیے ان ڈائریکٹری معلومات کو استعمال کرنے کی اجازت ہے۔ انکو ڈائریکٹری معلومات کو اشتہار بازی، مارکٹنگ، یا دیگر کاروباری مقاصد کے لیے بیچنے، استعمال یا اشتراک کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

آپکے پاس کیا انتخابات ہیں؟

1. **آپ کو کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپکا طالب علم کالج کے لیے بچت پروگرام میں شامل ہو اور آپکے بچے کے لیے $100 ایک اسکالر شپ اکاونٹ میں متخص کردیے جائیں گے۔**

2. اگلے صفحے پر فارم کو مکمل کریں اگر آپ اپنے بچے کی ڈائریکٹری معلومات کا اشتراک **نہیں** کرنا چاہتے۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ آپکا بچہ حصہ نہیں لے گا اور اسے ایک اکاونٹ نہیں ملے گا۔ یہ فارم اپنے اسکول سیکریٹری کو **11/30/2023** تک واپس کردیں۔ اگر آپ کے اس فارم کے بارے میں کوئی سوالات ہیں، براہِ کرم اپنے اسکول رابطہ کار سے بات کریں۔

کیا آپ کے اس پروگرام کے بارے میں کوئی سوالات ہیں؟ این وائی سی کڈز رائز کو 883-543-7473 پر کال کریں یا محکمئہ تعلیم کو SavingTogether@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔

OFFICE NOTE: For kindergarten and newly enrolled first and second graders. Keep all returned Opt-Out Notices in the student's Cumulative Folder indefinitely.

سیو فار کالج (Save for College) پروگرام
والدین اور سرپرستوں کے لیے اوپٹ آوٹ نوٹس اور فارم

سیو فار کالج پروگرام اوپٹ آوٹ فارم

اس فارم کو صرف اس صورت میں مکمل اور دستخط کریں اگر آپ نہیں چاہتے کہ آپکا بچہ حصہ لے۔ اپنے اسکول سیکریٹری کو 11/30/2023 تک واپس کردیں۔

بطور اپنے بچے کے والدین / سرپرست، میں نہیں چاہتا کہ میرے بچے کی ڈائریکٹری معلومات کا اشتراک کیا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس ڈائریکٹری معلومات کو روکنے سے، میرے بچے کے لیے ایک وظیفہ اکاونٹ میں کوئی رقم شامل نہیں ہوگی اور میرا بچہ کوئی وظیفہ اکاونٹ رقم موصول نہیں کرے گا۔

طالب علم کا پہلا نام:	طالب علم کا آخری نام:
اسکول کا نام:	طالبِ علم کی باضابطہ کلاس: باضابطہ گریڈ سطح:
جلی حروف میں والدین / سرپرست کا نام:	دستخط:
تاریخ:	

OFFICE NOTE: For kindergarten and newly enrolled first and second graders. Keep all returned Opt-Out Notices in the student's Cumulative Folder indefinitely.